Home Economics - 10th Class Home Economics Urdu Medium Chapter 2 Preparation

Q1. سلائی مشین میں پہیہ کیا کام کرتا ہے.

Ans 1: سلائی مشین کے دائیں ہاتھ گول پہیے کی شکل میںہوتا ہے. اسکی مدد سے مشین حرکت کرتی ہے. دھاگے کے لیور اور سلائی کی حرکت کو کنٹرول کرتا ہے.

Q2. پرائمری رنگ کن رنگوں کو کہتے ہیں.

Ans 1: پرائمری رنگ بنیادی رنگوں کو کہا جاتا ہے. سرخ،نیلا،پیلا پرائمری رنگ کہلاتے ہیں.

Q3. سلائی مشین میں بیڈ کون سا حصہ کہلاتا ہے.

Ans 1: سلائی مشین میں بیڈ مشین کا نچلا ہموار سطح والا حصہ ہے جس کے نیچے تمام پرزے ہوتے ہیں.

Q4. مشین سے سلائی کرتے وقت کتنے بنیادی اصولوں کو مدنظر رکھنا ضروری ہے.

Ans 1: مشین سے سلائی کرتے وقت 13 بنیادی اصولوں کو مدنظر رکھنا ضروری ہے.

Q5. سلائی کرتے وقت دھاگا کو کنٹرول کرنے کے لیے کیا کرنا ضروری ہے.

Ans 1: سلائی سروع کرتے وقت دبانے والے پُرزے کو نیچے کرنے سے پہلے دھاگا لینے والے پرزے کو پورا اوپر کھینچیں تاکہ سلائی شروع کرتے ہی اوپر والا دھاگہ نکل نہ جائے.یہی کام سلائی کے آخر پر کریں ورنہ دھاگہ دوبارہ ڈالنا پڑے گا.

Q6. مشین کی سلائی کے دو اصول لکھیں.

Ans 1: سینےسے پہلے سلائی کے دونوں حصوں کو اچھی طرح برابر ملائیں. ورنہ ایک حصہ بڑا یا چھوٹا رہ جاتا ہے. کپڑے کا بڑا حصہ الٹے ہاتھ کی طرف رکھیں تاکہ مشین کے اندر والے حصے میں کپڑا اکھٹا نہ ہو اور سلائی میں دقت نہ پیش آئے.

Q7. شیفون ، وائل ،جارجت کی کٹائی کے بارے میں مختصر لکھیں.

Ans 1: شیفون ، وائل ،جارجت وزن میں ہلکے ، باریک اور نازک ہوتے ہیں.اس لیے ان کی کٹائی میں بہت احتیاظ کی ضرورت ہوتی ہے. کیونکہ کبھی کبھی زیادہ کھینچنے سے بھی پھٹ جاتے ہیں.ان کپڑوں کی کٹائی کے وقت ڈرافٹ کو پن لگا لیں.

Q8. لباس میں کتنے قسم کے خطوط ہوتے ہیں.

Ans 1: لباس میں تین قسم کے خطوط استعمال ہوتے ہیں.عمودی،افقی اور ترچھے لباس میں خطوط کے استعمال سے پہننے والے کی شکل و صورت اور قدوقامت پر نمایاں اثر پڑتا ہے.

Q9. سلائی کی قینچی کس مقصد کیلئے استعمال ہوتی ہے.

Ans 1: سلائی کی قینچی کے دونوں دستے برابر اور گول شکل میں‌ہوتے ہیں.یہ سائز میں پانچ سے چھے انچ ہوتی ہے اور سلائی کے دوران اور سلائی کے بعد فالتو ددھاگے کاٹنے کے کام آتی ہے.

Q10. سلائی میں استعمال ہونے والی اشیاء میں کیا چیزیں شامل ہیں .

Ans 1: سلائی کے سازوسامان میں وہ اشیاء شامل ہیں . جن سے کپڑوں کی سلائی میں مدد ملتی ہے. سلائی کے لیے مختلف اشیاء درکار ہوتی ہیں جن کو ان کے استعمال کی مناسبت سے درج ذیل تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے. ناپ لینے اور نشان لگانے والی اشیاء . کٹائی کرنے والی اشیاء . سلائی میں استعمال ہونے والی اشیاء